جناب احمد ندیم قاسمی

سلام

بحضور امام عالی مقام رضؓ

سرِ سناں سج کے جانے والے، سلام تجھ پر
کٹا کے سر مسکرانے والے، سلام تجھ پر
بسا ہوا گھر لٹانے والے، سلام تجھ پر
بہت مخیر گھرانے والے، سلام تجھ پر
تو کتنی سفاک آندھیوں کے حصار میں تھا
بہت بلند آشیانے والے، سلام تجھ پر
رفیق جب ایک ایک کر کے بچھڑ چکے تھے
خدا کو شاہد بنانے والے، سلام تجھ پر
تو مر کے جینا سکھانے والوں کا رہنما ہے
لہو کی مشعل جلانے والے، سلام تجھ پر
تری بہاریں خزاں کی زد میں نہ آسکیں گی
دلوں میں گلشن کھلانے والے سلام تجھ پر
یہ آسماں پر شفق نہیں، تیری کشتِ خوں ہے،
افق افق لہلہانے والے، سلام تجھ پر
وقار اور اعتماد سے راہِ حق میں کٹ کر
بقا کا رستہ دکھانے والے، سلام تجھ پر
گنوائی تو نے حیات، اور کائنات پائی
ابد تلک پھیل جانے والے، سلام تجھ پر